بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم!

آج بتاریخ ۲۹ ربیع الاول ۱۴۲۹ھ بروز دوشنبہ مدرسہ تجوید القرآن جیروا۔ اسٹریٹ چمپارن بہار میں مدرسہ کے ذمہ داروں کی دعوت پر حاضری نصیب ہوئی۔ مدرسہ کی ظاہری و معنوی احوال و کوائف سے بیحد مسرت ہوئی۔ چند طلبہ سے ملاقات قرآن مجید سنکر اندازہ ہوا کہ قرآن کی تعلیم تجوید کے رعایت کے ساتھ اہتمام سے دیجاتی ہے۔ طلبہ و اساتذہ کی ملاقات سے دل بیحد خوش ہوا۔ ناظرہ و حفظ قرآن و تجوید کی تعلیم کا یہاں پر معقول نظم ہے۔ اور اربابِ مدرسہ کے مستقبل کے پختہ عزائم ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس مدرسہ کو تعاون و ترقی سے ہمکنار فرمائے۔ اور وسائل مہیا فرما کر خدمت دین کے لئے زیادہ سے زیادہ قبول فرمائے۔

دینی مدارس و مکاتب اسلامی تعلیم اور دینی شعائر کی حفاظت کا ذریعہ ہیں۔ ان کی حفاظت اور ان کو فروغ دینا پوری ملت اسلامیہ اور امت مسلمہ کا دینی فریضہ ہے۔ اسلئے ہر صاحب خیر سے گذارش کیجاتی ہے کہ اس مدرسہ کی طرف متوجہ ہوں اور دامے درمے قدمے سخنے ہر نوع تعاون دیکر ثواب دارین حاصل کریں۔

جس وقت یہ سطور لکھی جا رہی ہیں طلبہ کی ایک جماعت سامنے بیٹھی ہوئی قرآن مجید سنا رہی ہے۔ ان کا قرآن سنکر دل باغ باغ ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ ان کا مستقبل روشن فرمائے اور خدام دین میں شامل فرمائے۔

والسلام

[illegible]

خادم جامعہ [illegible]